بابر اعظم کے 90 رنز کی اننگز بھی کراچی کنگز کو مسلسل چوتھی شکست سے نہ بچاسکی

کراچی،4 فروری 2022ء:

نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں جاری ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کے پہلے مرحلے کے 11 ویں میچ میں پشاور زلمی نے کراچی کنگز 9 رنز سے ہرادیا ہے۔ کراچی کنگز کی یہ ایونٹ میں مسلسل چوتھی ناکامی ہے۔

174 رنز کے تعاقب میں کراچی کنگز کی ٹیم مقررہ بیس اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 164 رنز ہی بناسکی۔ کپتان بابر اعظم کی 63 گیندوں پر ایک چھکے اور 12 چوکوں کی بدولت 90 رنز کی ناقابل شکست اننگز بھی ان کی ٹیم کو ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 میں پہلی کامیابی نہ دلاسکی۔ این کا کبین 31 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ ان دونوں بیٹرز کے علاوہ کراچی کنگز کا کوئی بھی بلے باز زیادہ دیر کریز پر نہ ٹھہر سکا اور وقفے وقفے سے آؤٹ ہوکر پویلین واپس لوٹتا رہا۔

محمد عمر نے تین کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

اس سے قبل کراچی کنگز کی دعوت پر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے پشاور زلمی نے مقررہ بیس اوورز 4 وکٹوں کے نقصان پر 173 رنز بنائے تھے۔ شعیب ملک 28 گیندوں پر 5 چوکوں اور 2 چھکوں کی مدد سے ناقابل شکست 52 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ انہوں نے چوتھی وکٹ کے لیے بین کٹنگ کے ہمراہ 59 رنز کی پارٹنرشپ قائم کی۔ بین کٹنگ نے 24 رنز اسکور کیے۔

پشاور زلمی کی دوسری سب سے کامیاب پارٹنرشپ 53 رنز کی تھی، جو اوپنرز حضرت اللہ ززائی اور کامران اکمل نے قائم کی تھی۔
حضرت اللہ 41 اور کامران اکمل 21 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔

عمید آصف نے 3 وکٹیں حاصل کیں۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Assistant Manager
Media and Communications

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4